© rasailojaraid.com



دعاؤں کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

**قاضی فیض احمد رحمہ اللہ:** عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مرکزی مجلس شوریٰ کے بزرگ رکن حضرت خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے مرید خاص قاضی فیض احمد 15۔ اکتوبر پیر کوٹوبہ ٹیک سنگھ میں انتقال فرما گئے، مرحوم کی نماز جنازہ 16۔ اکتوبر منگل کو بعد نماز ظہر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری نے پڑھائی، نماز جنازہ میں حضرت مولانا عزیز احمد (خانقاہ سراجیہ)، مولانا محمد عبداللہ لدھیانوی، مولانا ظفر احمد قاسم، مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ، رانا محمد انور، ڈاکٹر دین محمد فریدی اور دور ونزدیک سے علماء کرام، خطباء عظام، دینی وسیاسی جماعتوں کے کارکنوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی مجلس احرار اسلام پاکستان کی نمائندگی جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے کی، حافظ محکم الدین، چودھری محمد نذیر، حافظ محمد اسماعیل، حاجی عبدالکریم قمر، مولانا محمد سرفراز معاویہ، حافظ محمد سلیم شاہ اور دیگر احرار ساتھیوں نے بھی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے قاضی صاحب مرحوم کے فرزندان قاضی امتیاز احمد، قاضی انوار الحق اور مولانا قاضی احسان احمد سے تعزیت کا اظہار کیا، مرحوم قاضی فیض احمد اکابر احرار وختم نبوت کی یادداشتوں کے امین تھے، حضرت خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کا اس علاقے میں مرکزی قیام اِنہی کے ہاں ہوتا، مہمان نوازی مثالی تھی، اکابر کا ذکر کر کے دوستوں کو رُلا دیتے تھے، جناب عبداللطیف خالد چیمہ کے ساتھ خصوصی محبت وشفقت کا معاملہ تھا جس کی وجہ خانقاہ سراجیہ، حافظ عبدالرشید رحمہ اللہ کی نسبت اور تحفظ ختم نبوت واحرار کا کام تھا، اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائیں، حسنات قبول فرمائیں اور سیئات سے درگزر فرمائیں۔

★ حضرت مولانا عزیز احمد دامت برکاتہم (خانقاہ سراجیہ) نائب امیر عالمی مجلس تحفظِ ختمِ نبوّت کے داماد ملک قیصر سہیل 21 اکتوبر کو انتقال کر گئے۔ مجلس احرارِ اسلام کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ، سیکرٹری جنرل جناب عبداللطیف خالد چیمہ اور سیکرٹری نشر واشاعت ڈاکٹر عمر فاروق احرار نے حضرت مولانا عزیز احمد مدظلہٗ اور حضرت مولانا خلیل احمد دامت برکاتہم سے اظہارِ تعزیت ودعاءِ مغفرت کی، سید محمد کفیل بخاری اور شاکر خان صاحب نے خانقاہ سراجیہ حاضر ہو کر نمازِ جنازہ میں شرکت کی اور اظہارِ تعزیت کیا۔

★ عالمی مبلغ ختمِ نبوّت حضرت عبدالرحمٰن باوا (لندن) کی ہمشیر اور مولانا سہیل باوا کی پھوپھی صاحبہ، انتقال: 21 اکتوبر 2018ء

★ مجلس احرار اسلام کے مخلص کارکن چودھری محمد حنیف مرحوم (بستی گاہی ماہی، شہباز پور، صادق آباد) انتقال: 21 اکتوبر 2018ء

★ مجلس احرار اسلام (ٹب چوہان، رحیم یار خان) کے مخلص کارکن جناب محمد نذیر مرحوم، انتقال: 23 اکتوبر 2018ء۔ مرحوم، احرار کارکن جناب محمد یعقوب چوہان کے چچازاد بھائی تھے۔ جانشین امیر شریعت حضرت سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ سے بیعت تھے۔

★ مجلس احرار اسلام سندھ کے امیر مفتی عطاالرحمٰن قریشی کے بڑے چچا غلام رسول قریشی 15 اکتوبر کو بستی تانوری (ڈیرہ غازی خان) میں انتقال کر گئے۔

★ مجلس احرار اسلام ڈسکہ کے بزرگ کارکن ماسٹر رحمت علی کے داماد سعودی عرب میں کرنٹ لگنے سے 22 ستمبر کو انتقال کر گئے۔

★ مجلس احرار لاہور کے کارکن چودھری ثاقب کے دادا 10 اکتوبر کو انتقال کر گئے

★ مدرسہ معمورہ ملتان کے پڑوسی حافظ عمار صاحب کی خوشدامن صاحبہ اور حاجی حقنواز مرحوم کی اہلیہ 12 اکتوبر کو انتقال کر گئیں

★ مجلس احرار اسلام جتوئی (بڑی بستی ارائیں) کے مخلص کارکن ڈاکٹر ریاض احمد کے ماموں حاجی عبدالرحیم 16 اکتوبر کو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انتقال کر گئے قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم نے اظہار تعزیت کیا۔

★ مدرسہ معمورہ ملتان کے استاد حافظ غلام یسین کے چچا 23 اکتوبر کو انتقال کر گئے۔

★ علی پور (مظفر گڑھ) میں مجلس احرار اسلام سے محبت رکھنے والے عبدالکریم بھٹی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے

★ ہمارے پرانے کرم فرما جناب قاری سید محمد یحییٰ ہمدانی (قصور) کی اہلیہ اور شبان ختم نبوت قصور کے متحرک رہنما حافظ سید مطیع الرحمٰن ہمدانی کی والدہ ماجدہ 23 اکتوبر کو انتقال کر گئیں

اللہ تعالیٰ سب مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ آمین

## دعاءِ صحت

★ قائد احرار، ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم

★ مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری جنرل جناب عبداللطیف خالد چیمہ

★ مجلس احرارِ اسلام ملتان کے سرپرست اور رکن مرکزی مجلس شوریٰ صوفی نذیر احمد

★ حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب طویل عرصہ سے قومہ میں ہیں

★ لاہور کے بزرگ احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب

★ مدرسہ معمورہ ملتان کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی

★ مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محمد یعقوب خان خواجکزئی

★ ملتان میں ہمارے کرم فرما پروفیسر محمد ایوب خان علیل ہیں

★ چیچہ وطنی، پیر جی عبداللطیف رحمہ اللہ کے پوتے، پیر جی عبدالجلیل مدظلہٗ کے فرزند خلیل الرحمٰن علیل ہیں

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعا فرمائیں، اللہ تعالیٰ سب کو شفا کاملہ عطا فرمائے۔ آمین

## اعلان

ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' ملتان، تیس برس سے (2018-1988) الحمدللہ باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے اور اپنے قارئین کو عقائد اہل سنت والجماعت، سیرت و تاریخ، حالات حاضرہ، تاریخ احرار پر علمی مضامین بالخصوص محاسبۂ قادیانیت، دہریت ولادینیت کے حوالے سے فکر انگیز تحاریر پیش کر رہا ہے۔ گزشتہ کئی برس سے مہنگائی کے باوجود ادارہ نے رسالے کی قیمت میں اضافہ نہیں کیا اور خود پر اس بوجھ کو برداشت کر رہا ہے لیکن اب کاغذ، طباعت اور ڈاک کے اخراجات میں روز افزوں اضافے سے ادارہ کو نقصان ہو رہا ہے جسکا ادارہ متحمل نہیں لہٰذا جنوری 2019ء سے ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' کی قیمت فی شمارہ 30 روپے اور زرسالانہ 300 روپے ہوگا۔ امید ہے احباب وقارئین پہلے کی طرح تعاون جاری رکھیں گے۔

منجانب: سرکولیشن منیجر



© rasailojaraid.com